## حل شدہ مشقیں

# اُردو کی کرن

برائے جماعت دوم

سبق 1: **حمد**

**2 سوالات کے جوابات لکھیں۔**

الف۔ ہر چیز میں کِس کی قُدرت ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی۔

ب۔ خُدا کی رحمت کس شَے سے ظاہر ہے؟

جواب: ہر شَے سے۔

ج۔ خُدا کی قُدرت سے کیا کچھ قائم ہے؟

جواب: سب کچھ۔

د۔ جس نَظم میں اللہ کی تعریف بیان کی جائے اُسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: حَمد

**3 درج ذیل الفاظ کے جُملے بنائیں۔**

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| قُدرت | ہر چیز اللہ کی قدرت سے قائم ہے۔ |
| رحمت | خدا کی رحمت ہر شے سے ظاہر ہے۔ |
| سُورج | سورج آسمان پر چمک رہا ہے۔ |
| قائم | اللہ تعالیٰ ہمارے ملک کو قائم رکھے۔ |

**4** **نظم دیکھ کر مِصرعے مکمّل کریں۔**

الف۔ ہر بات میں ہے قدرت خُدا کی

ب۔ ہر شے سے ظاہر ہے رحمت خُدا کی

ج۔ قُدرت بڑی ہے میرے خُدا کی

د۔ رحمت بڑی ہے میرے خُدا کی

**5** **اپنے اِرد گرد کا مشاہدہ کریں اور اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام لکھیں۔**

آسمان، بادل، درخت، پھل، پھول، پودے، پانی

**6** **الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں۔**

بڑی حکمت حمد رحمت سہارے قائم قدرت ظاہر

## کلمہ مہمل

**بامعنی الفاظ:** گھر، سکول، پانی، روٹی

سبق 2:

# نَعت

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ نَعت ایسی نظم کو کہتے ہیں جس میں اللہ تعالیٰ کے آخری رسول حضرت محمد ﷺ کی تعریف بیان کی گئی ہو۔ اِس نعت میں حضرت محمد ﷺ کی کون کون سی خُوبیاں بیان ہوئی ہیں؟

جواب: آپ ﷺ حق کی بات بتاتے تھے، سیدھا راستہ دکھاتے تھے، آپ ﷺ کا مقام سب نبیوں میں بلند ترین ہے۔

ب۔ ہمارے پیارے نبی ﷺ کا نام حضرت محمد ﷺ ہے۔ حضرت محمد ﷺ کا ایک اور نام نعت میں استعمال کیا گیا ہے۔ بتائیں وہ کون سا ہے؟

جواب: ہادی

ج۔ نَعت کے شاعر کا نام لکھیں۔

جواب: صُوفی تبسم

## 3 مصرعے مکمّل کریں۔

الف۔ وہ راہ بر و رہنما ہمارے

ب۔ وہ حق کی باتیں بتانے والے

ج۔ وہ سیدھا رستہ دکھانے والے

## 4 حُروف کو جوڑ کر الفاظ بنائیں۔ ان الفاظ کو جُملوں میں استعمال کریں۔

| حُرُوف | الفاظ | جُملے |
|---|---|---|
| ن+ع+ت | نعت | بچے نعت پڑھنا پسند کرتے ہیں۔ |
| ہ+م+ا+ر+ے | ہمارے | میرا نام احمد ہے۔ |
| ا+و+ن+چ+ا | اونچا | ہمارے نبی کا مقام سب سے اونچا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| چ+م+ک | چمک | ستارے آسمان پر چمک رہے ہیں۔ |

**5** **نعت میں سے تین حرفی اور چہار حرفی الفاظ الگ کر کے لکھیں۔**

| | |
|---|---|
| سہ حرفی | چمک۔ فلک۔ دمک۔ نبی۔ |
| چہار حرفی | بلند۔ہادی۔ خاطر۔ تارے |

**6** **سن کے دیے ہوئے لفظوں کا پہلا رُکن تبدیل کریں اور دو نئے الفاظ بنائیں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| موڑا | کھال | روتی | گول |
| توڑا | بال | ہوتی | بول |
| گھوڑا | چال | سوتی | ڈول |
| دوڑا | دال | موتی | تول |

**8** **'نے'، 'پر'، 'سے'، 'تک' کے استعمال سے جُملے مکمّل کریں۔**

الف۔ اس بار علی اور ثنا نے یہ سوچ رکھا تھا کہ گرمی کی چھٹیاں گزارنے لاہور جائیں گے۔

ب۔ کیا تُمھیں لاہور سے کوئٹہ **تک** کا فاصلہ معلوم ہے؟

ج۔ ٹرین کا سفر، بس کے سفر سے بہت بہتر ہے۔

د۔ آسمان پر کالے کالے بادل چھا گئے۔

**10** **دیے گئے واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔**

| واحد | جمع |
|---|---|
| لڑکا | لڑکے |

| واحد | جمع |
|---|---|
| میز | میزیں |

| واحد | جمع |
|---|---|
| کوّا | کوّے |
| کمرا | کمرے |
| کتاب | کتابیں |

| واحد | جمع |
|---|---|
| بستہ | بستے |
| گدھا | گدھے |
| مُرغا | مُرغے |

**10** **حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات ے کون سے اوصاف ہیں، جن پر آپ عمل پیرا ہیں؟**

| حضرت محمد ﷺ کے اوصاف | میں |
|---|---|
| رحم دِل | بچہ خود کرے |
| حق گو | بچہ خود کرے |
| نیک | بچہ خود کرے |
| مہربان | بچہ خود کرے |

**12** **حضرت محمد ﷺ سے متعلق پانچ جملے لکھ کر اپنے ہم جماعتوں کو سُنائیں۔**

| | |
|---|---|
| الف | حضرت محمد ﷺ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ |
| ب | حضرت محمد ﷺ دوسروں کی مدد کرتے تھے۔ |
| ج | حضرت محمد ﷺ امانت دار تھے۔ |
| د | حضرت محمد ﷺ رحم دل تھے۔ |
| ہ | حضرت محمد ﷺ صفائی کو پسند کرتے تھے۔ |

سبق 3:

# وَقتُ کی قدَر

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ علی سارا دن کیا کام کرتا تھا؟

جواب: علی سارا دن کھیل کود میں مگن رہتا تھا۔

ب۔ علی گھر کا کام کیوں نہیں کر پاتا تھا؟

جواب: کیوں کہ وہ کھیل کود میں مگن رہتا تھا۔

ج۔ چیونٹیوں نے علی کی بات سُن کر کیا کہا؟

جواب: اُنھوں نے کہا ہم کھیل کود میں وقت ضائع نہیں کر سکتی ہیں۔

د۔ علی کی امّی نے اُسے کیا بتایا؟

جواب: انھوں نے علی کو بتایا کہ وقت ایک قیمتی دولت ہے۔

ہ۔ کیا آپ اپنے وقت کا صحیح استعمال کرتے ہیں؟

جواب: (بچّہ خود کرے گا)

## 3 درج ذیل الفاظ کے جُملے بنائیں۔

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| وقت | وقت کی قدر کرو۔ |
| مگن | علی کھیل کود میں مگن رہتا تھا۔ |
| تلاش | مجھے رِدا کی تلاش ہے۔ |
| ضائع | پانی ضائع مت کرو۔ |
| سردی | مجھے سردی کا موسم پسند ہے۔ |

**4** دیے ہوئے الفاظ غور سے سُنیں اور مثال کے مطابق اُنھیں ارکان میں توڑیں۔

| | |
|---|---|
| دروازہ | د + ر + و + ا + ز + ہ |
| سورج | س + و + ر + ج |
| وقت | و + ق + ت |
| طلوع | ط + ل + و + ع |

**10** دیے گئے واحد کے جمع بنائیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| پرندہ | پرندے |
| بچّہ | بچّے |
| بستہ | بستے |

| واحد | جمع |
|---|---|
| گھونسلا | گھونسلے |
| کیڑا | کیڑے |
| میلا | میلے |

**11** دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| سردی | گرمی |
| تھوڑا | زیادہ |
| بھاری | ہلکا |
| مشکل | آسان |

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| زندہ | مردہ |
| سچ | جھوٹ |
| کامیاب | ناکام |
| تازہ | باسی |

سبق4:

# پالتُو جانور

**2 سوالات کے جوابات لکھیں۔**

الف۔ کیا وقاص اپنے گھوڑے کو صاف ستھرا رکھتا ہے؟

جواب: جی ہاں، وقاص اپنے گھوڑے کو صاف ستھرا رکھتا ہے۔

ب۔ رضا طوطوں کے پنجرے کی صفائی کیوں کرتا ہے؟

جواب: تاکہ وہ صحت مند رہیں۔

ج۔ اگر صبا کی بلّی بیمار ہو جائے تو وہ کیا کرتی ہے؟

جواب: صبا اُس کا خیال رکھتی ہے اور اسے ڈاکٹر کے پاس لے کر جاتی ہے۔

د۔ ہمیں جانوروں کا خیال کیوں رکھنا چاہیے؟

جواب: کیونکہ وہ جان دار ہیں۔

ہ۔ ہم گھر میں کون کون سے جانور پال سکتے ہیں؟

جواب: بلّی، گھوڑا، گائے، طوطا، مرغی، کبوتر، بکری اور بھیڑ وغیرہ۔

**3 درج ذیل الفاظ کے جُملے بنائیں۔**

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| صاف ستھرا | علی خود کو صاف ستھرا رکھتا ہے۔ |
| سیاہ | میرا بستہ سیاہ رنگ کا ہے۔ |
| صفائی | میں صفائی پسند ہوں َ |
| پالنا | میں بلی پالنا چاہتا ہوں۔ |
| پنجرے | طوطے پنجرے میں ہیں۔ |

**4** سبق کے مطابق درست جوابات کی نشان دہی (✓) لگا کر کریں۔

الف۔ وقاص کے گھوڑے کا رنگ ہے:

سفید — سیاہ ✓ — سُرمئی — بھورا

ب۔ رضا نے پال رکھے ہیں:

چوزے — طوطے ✓ — گھوڑے — کُتے

ج۔ صبا کی بلّی کا نام ہے:

رانی — مانو ✓ — کاکی — پومی

د۔ رضا کے طوطے کھاتے ہیں:

چُوری اور پھل ✓ — سبزیاں — گھاس — باجرہ

ہ۔ پالتو جانور ہوتے ہیں:

معصوم ✓ — خطرناک — بے کار — نقصان دہ

**5** دیے گئے جُملوں میں فاعل پر دائرہ لگائیں۔

| | |
|---|---|
| بچے نے سیب کھائے۔ | مرغی نے انڈا دیا۔ |
| چپڑاسی نے گھنٹی بجائی۔ | شکاری نے ہرن کا شکار کیا۔ |
| صبا نے پانی پیا۔ | رِدا نے روٹی پکائی۔ |
| حمید نے خط لکھا۔ | پرندہ ہوا میں اُڑتا ہے۔ |
| باپ نے بیٹے کو پیار کیا۔ | عدنان نے گاڑی خریدی۔ |

## 6 دیے گئے جُملے میں سے فعل اور مفعول الگ الگ کریں۔

| جُملے | فعل | مفعول |
| --- | --- | --- |
| الف۔ سعدیہ نے کپڑے اِستری کیے۔ | سعدیہ | کپڑے |
| ب۔ علی نے طوطے کو سیب کھلایا۔ | علی | طوطے |
| ج۔ مچھلیاں پانی میں تیرتی ہیں۔ | مچھلیاں | پانی |
| د۔ صوفیہ کھانا پکاتی ہے۔ | صوفیہ | کھانا |
| ہ۔ کھلاڑی ہاکی کھیلتے ہیں۔ | کھلاڑی | ہاکی |

سبق 5:

# وَرزِش کے فائدے

**2** **سوالات کے جوابات لکھیں۔**

الف۔ عبدالاحد ورزش کیوں کرتا ہے؟

جواب: صحت مند رہنے کے لیے۔

ب۔ صبح کی سیر کے کیا فوائد ہیں؟

جواب: انسان چست اور صحت مند رہتا ہے۔

ج۔ عبدالاحد اور اس کے ابّا جان باغ میں کیا کرتے ہیں؟

جواب: ورزش کرتے ہیں۔

د۔ آپ اپنی صحّت کا خیال کیوں رکھتے ہیں؟

جواب: تاکہ اچھّی زندگی گزار سکیں اور بیماریوں سے بچ سکیں۔

**3** **درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔**

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| اجیرن | گرمی نے زندگی اجیرن کر رکھی ہے۔ |
| خوش گوار | آج موسم خوش گوار ہے۔ |
| صحت | اس کی صحت اچھی ہے۔ |
| قائم | میں اپنی بات پر قائم ہوں۔ |

**4** **دیے گئے جملوں میں حروف جار کے گرد دائرہ لگائیں۔**

الف۔ علی گھر (میں) ہے۔

ب۔ رِدا (نے) ہم (سے) تمیز سے بات کی۔

ج۔ ذکّی رات (کو) دیر (سے) سویا۔

د۔ آسمان (پر) کالے بادل چھا گئے۔

ہ۔ رِدا نے سارا (کو) نظم سنائی۔

**5** **درج ذیل الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں۔**

اجیرن توانا خوش گوار سیر صبح صحت ورزش ہوا

**6** **تصاویر کو گن کر لفظی گنتی اور اردو ہندسوں سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| تصاویر | ہندسے | لفظی گنتی |
|---|---|---|
| | 1 | ایک |
| | 2 | دو |
| | 3 | تین |
| | 4 | چار |
| | 5 | پانچ |
| | 8 | آٹھ |
| | 12 | بارہ |
| | 15 | پندرہ |
| | 20 | بیس |

سبق 6:

# اپنی حفاظت (کراٹے)

**2 سوالات کے جوابات لکھیں۔**

الف۔ عثمان کراٹے کیوں سیکھ رہا تھا؟

جواب: تاکہ وہ اپنا دفاع کر سکے۔

ب۔ ہمیں اجنبی لوگوں سے کیسا سلُوک کرنا چاہیے؟

جواب: ہمیں ان سے زیادہ بات چیت نہیں کرنی چاہیے۔

ج۔ کراٹے کے فن میں کیا استعمال ہوتا ہے؟

جواب: کراٹے کے فن میں کوئی سامان استعمال نہیں ہوتا۔

د۔ بچّوں کو اپنی حفاظت کیسے کرنی چاہیے؟

جواب: اجنبیوں سے محتاط رہ کر اور کراٹے سیکھ کر۔

ہ۔ آپ اپنی حفاظت کیسے کرتے ہیں؟

جواب: بچہ لکھے۔

و۔ آپ کو یہ سبق کیسا لگا؟

جواب: بچہ لکھے

**3 انفرادی آوازیں سن کر اِن آوازوں کو درست طریقے سے ملا کر لفظ ادا کریں**

چھلانگ منظور ٹکڑا کوّا

**4 مذکّر اور مؤنث اسما کی جمع بنائیں۔**

| واحد | جمع |
|---|---|

| واحد | جمع |
|---|---|

| واحد | جمع |
|---|---|
| لڑکی | لڑکیاں |
| لڑکا | لڑکے |
| گائے | گائیں |
| اجنبی | اجنبیوں |

| واحد | جمع |
|---|---|
| بکرا | بکریاں |
| گھوڑا | گھوڑے |
| چوہا | چوہے |
| میز | میزیں |

سبق 7:

# سچ بولو

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ شاعر نے اِس نظم میں کس بات کی تاکید کی ہے؟

جواب: سچ بولنے کی۔

ب۔ آدابِ زندگی کا پہلا سبق کیا ہے؟

جواب: انسان پہلے خود اچھے کام کرے پھر دوسروں کو اس کا مشورہ دے۔

ج۔ سچ بولنے کے فوائد بتائیں۔

جواب: اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے۔ لوگ عزت کرتے ہیں۔

## 3 شعر کا پہلا مصرع دیا جارہا ہے۔ دوسرا آپ لکھیں۔

الف۔ پہلے خود یہ فرض نبھاؤ — اَوروں کو پھر راہ دکھاؤ

ب۔ جس گھر میں ہو سَچ اے لالا! — اُس گھر میں ہو سَدا اُجالا

ج۔ محنت سے مت جی کو چراؤ — نیک بنو اچھّے کہلاؤ

د۔ آؤ آؤ مل کر گاؤ — سچ بولو سچے کہلاؤ

## 4 نظم میں موجود ہم آواز الفاظ الگ کرکے لکھیں۔

کہلاؤ، کماؤ، نبھاؤ، دکھاؤ، کہلاؤ،

لالا، اُجالا،

چراؤ، کہلاؤ، دکھاؤ، گاؤ،

**5** واحد کی جمع لکھیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| چڑیا | چڑیاں |
| بلی | بلیاں |
| بستہ | بستے |
| مرغی | مرغیاں |
| بھیڑ | بھیڑیں |

| واحد | جمع |
|---|---|
| بکری | بکریاں |
| کتاب | کتابیں |
| کرسی | کرسیاں |
| گدھا | گدھے |
| | |

سبق 8:

# سارے موسم، پیارے موسم

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ پاکستان میں کتنے موسم پائے جاتے ہیں؟ ان کے نام لکھیں۔

جواب: پاکستان میں چار موسم پائے جاتے ہیں۔ سردی، گرمی، بہار اور خزاں۔

ب۔ گرمی کا موسم فصلوں کے لیے کیوں ضروری ہے؟

جواب: سورج کی حرارت سے فصلیں پک جاتی ہیں۔

ج۔ خُشک میوہ جات کِس موسم میں کھائے جاتے ہیں؟

جواب: موسمِ سرما میں۔

د۔ بہار کا موسم کیسا ہوتا ہے؟

جواب: بہار کا موسم خوش گوار ہوتا ہے۔

ہ۔ آپ کو کون سا موسم پسند ہے اور کیوں؟

جواب: بچّہ خود لکھے۔

## 3 مناسب لفظ کے ساتھ خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ سارے موسم ضروری اور مفید ہیں۔

ب۔ گرمی کے موسم کا پھل آم ہے۔

ج۔ پاکستان میں چار موسم پائے جاتے ہیں۔

د۔ زمین سورج کے گرد گھومتی ہے۔

ہ۔ ہوا کی وجہ سے بھی موسم میں تبدیلی آتی ہے۔

**4** **گرمی کے موسم میں پائے جانے والے پھلوں میں سے کوئی سے پانچ پھلوں کے نام ہم جماعتوں کے سامنے بلند آواز سے بتائیں۔ اُن پھلوں کے نام "الف بائی" ترتیب یعنی حروف تہجی کی ترتیب سے لکھیں۔**

**الف۔ انگور**

**ب۔ آم**

**ج۔ تربوز**

**د۔ جامن**

**ہ۔ سردا**

**5** **ہر موسم کے الگ پھل ہوتے ہیں۔ جیسے آم ہم گرمیوں میں کھاتے ہیں۔ مالٹا، سردی کے موسم میں آتا ہے۔ ذیل میں کچھ پھلوں کے نام دیے گئے ہیں۔ آپ بتائیں کہ کون سا پھل کس موسم سے تعلق رکھتا ہے؟**

| پھل | موسم |
|---|---|
| انگور | گرمی |
| ناشپاتی | گرمی |
| سیب | گرمی + سردی |
| مالٹا | سردی |

| پھل | موسم |
|---|---|
| امرود | گرمی |
| تربوز | گرمی |
| خوبانی | سردی |
| جامن | گرمی |

**7** **الفاظ کے متضاد لکھیں۔**

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| خاص | عام |

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| انسان | حیوان |

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| انعام | سزا |
| روشنی | اندھیرا |
| فائدہ | نقصان |
| نیک | بد |
| صُبح | شام |

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| حق | ناحق |
| خاموشی | شور |
| دُنیا | آخرت |
| اچھّا | برا |
| آسمان | زمین |

سبق 9:

# ڈاکٹر، ڈاکٹر

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ محسن اور ثانیہ کے ابّو کا تعلق کس پیشے سے تھا؟

جواب: محسن اور ثانیہ کے ابّو ڈاکٹر تھے۔

ب۔ محسن اور ثانیہ کون کون سا پیشہ اختیار کرنا چاہتے تھے؟

جواب: محسن ڈاکٹر اور ثانیہ استانی بننا چاہتی ہے۔

ج۔ کسان کے پیشے کا نام کیا تھا؟

جواب: کھیتی باڑی

د۔ ڈاکٹر نہ ہوں تو کیا ہو گا؟

جواب: مریض بڑھ جائیں گے۔

ہ۔ کسان نہ ہوں تو کیا ہو گا؟

جواب: فصلیں نہیں اگیں گی۔ خوراک کے مسائل پیدا ہو جائیں گے۔

و۔ آپ کس پیشے سے متعلق تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں؟

جواب: بچّہ خود لکھے۔

## 3 مناسب لفظ کے ساتھ خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ محسن نے اپنے ابُّو کا اسٹیتھو اسکوپ گلے میں لٹکایا۔

ب۔ ثانیہ اُستانی بننا چاہتی تھی۔

ج۔ کھیت میں ہل کسان چلاتا ہے۔

د۔ بڑھئی فرنیچر بنا تا ہے۔

**4** **درست جملوں کی نشان دہی (✓) لگا کر کریں۔**

| | | |
|---|---|---|
| الف۔ | لوہار جُوتے بنا تا ہے۔ | غلط |
| ب۔ | ڈاکٹر بیماروں کا علاج کر تا ہے۔ | درست |
| ج۔ | بڑھئی ہل چلا تا ہے۔ | غلط |
| د۔ | حجّام بال کا ٹتا ہے۔ | درست |

**5** **بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر جملہ مرتب کریں۔**

الف۔ درزی کپڑے سیتا ہے۔

ب۔ ثانیہ کمرے سے باہر چلی گئی۔

ج۔ میں اپنی ٹیچر کی طرح پڑھانا چاہتی ہوں۔

**6** **الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | |
|---|---|---|
| الف۔ | مجھے گوشت خریدنا ہے۔ | قصاب کے پاس جایئے۔ |
| ب۔ | مجھے سبزی خریدنا ہے۔ | سبزی فروش کے پاس جایئے۔ |
| ج۔ | میرے بال بڑھ گئے ہیں کیا کروں؟ | حجام کے پاس جایئے۔ |
| د۔ | میری طبیعت خراب ہو رہی ہے میں کیا کروں؟ | ڈاکٹر کے پاس جایئے۔ |
| ہ۔ | امّی کو میلے کپڑے دھلوانے ہیں۔ | دھوبی کے پاس جایئے۔ |
| و۔ | علی کو کپڑے سلوانے ہیں۔ | درزی کے پاس جایئے۔ |
| ز۔ | اوہو! گاڑی خراب ہو گئی۔ اب کیا کروں؟ | مکینک کے پاس جایئے۔ |

## 7. دی ہوئی عبارت ایک منٹ میں درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں، پھر دیے ہوئے سوالوں کے زبانی جواب دیں۔

**سوالات:**

الف۔ ہمارا خالق کون ہے؟
جواب: اللہ تعالیٰ ہمارا مالک اور خالق ہے۔

ب۔ اللہ تعالیٰ کی کوئی سی تین نعمتوں کے نام بتائیں۔
جواب: آنکھیں، کان اور زبان اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں۔

ج۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہم کیسے ادا کر سکتے ہیں؟
جواب: نماز پڑھ کر، روزہ رکھ کر اور اس کی نعمتوں کا درست استعمال کر کے۔

## 8. مذکّر اور مؤنث اسما کی جمع لکھیں۔

| اسماء | جمع |
|---|---|
| بھیڑ | بھیڑیں |
| بلّی | بلیاں |
| چُوزا | چُوزے |
| گدھا | گدھے |

| اسماء | جمع |
|---|---|
| گائے | گائیں |
| مُرغا | مُرغے |
| گھوڑا | گھوڑے |
| بکری | بکریاں |

سبق10:

# آؤ درخت لگائیں

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ شجر کاری سے کیا مراد ہے؟

جواب: شجر کاری سے مراد ہے درخت لگانا۔

ب۔ سال میں کتنی مرتبہ ہفتہ شجر کاری منایا جاتا ہے؟

جواب: سال میں دو مرتبہ

ج۔ درختوں کے کیا فوائد ہیں؟

جواب: درختوں سے ہمیں صاف ہوا، پھل، سبزیاں، میوہ جات، ادویات اور لکڑی حاصل ہوتی ہے۔

د۔ ہماری زندگی میں درخت کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

جواب: درختوں سے ہمیں صاف ہوا، پھل، سبزیاں، میوہ جات، ادویات اور لکڑی حاصل ہوتی ہے۔

ہ۔ آپ پودوں کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟

جواب: بچہ لکھے۔

## 3 درج ذیل الفاظ کے جُملے بنائیں۔

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| دیکھ بھال | میں پودوں کی دیکھ بھال کرتی ہوں۔ |
| خوراک | پودے ہمیں خوراک فراہم کرتے ہیں۔ |
| قدر | وقت کی قدر کرو۔ |
| زرخیز | یہ زمین زرخیز ہے۔ |
| کردار | اس کا کردار قابلِ تعریف ہے۔ |

**4** **ہاں یا نہیں میں جواب دیں۔**

الف۔ درخت ہمارے دوست ہیں۔ ہاں

ب۔ درخت اور پودے ماحول کو صاف رکھتے ہیں۔ ہاں

ج۔ ہمیں درختوں کا خیال نہیں رکھنا چاہیے۔ نہیں

د۔ شجر کاری مہم سال میں ایک دفعہ چلائی جاتی ہے۔ نہیں

ہ۔ پودے ہمیں خوراک فراہم کرتے ہیں۔ ہاں

**5** **دیے گئے الفاظ کی جمع لکھیں۔**

| واحد | جمع |
|---|---|
| ہوا | ہوائیں |
| ہفتہ | ہفتے |
| زمین | زمینیں |

| واحد | جمع |
|---|---|
| فائدہ | فائدے |
| لکڑی | لکڑیاں |
| پودا | پودے |

**6** **ختمہ (۔)، سکتہ (،) اور سوالیہ (؟) کی علامت کا استعمال کرتے ہوئے جملے دوبارہ لکھیں۔**

الف۔ کتاب، کاپی اور پنسل بستے میں رکھیں۔

ب۔ ہوا، پانی، سورج، چاند اور تارے اللہ تعالیٰ نے بنائے۔

ج۔ کیا نُور نیلے، پیلے اور لال رنگ کی پنسلیں لایا؟

سبق 11: ## ٹریفک کے مسائل

### 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ ٹریفک کے اِشارے میں لال بتّی کا کیا مطلب ہے ؟

جواب: لال بتّی کا مطلب ہے رُک جائیں۔

ب۔ سڑک پر رش کیوں تھا؟

جواب: چھٹی کے دِن کی وجہ سے

ج۔ سڑک پر ماحول کیوں خراب تھا؟

جواب: لوگ ٹریفک کے اشاروں کی پابندی نہیں کر رہے تھے۔

د۔ ٹریفک کے قوانین پر عمل کرنے کے کیا فوائد ہیں؟

جواب: اِنسان حادثات سے بچ جاتا ہے۔

ہ۔ بچوں نے کس بات کا عہد کیا؟

جواب: بچوں نے بڑے ہو کر ٹریفک کے قوانین کا احترام کرنے کا عہد کیا۔

### 3 درست جملوں کی نشان دہی (✓) لگا کر کریں۔

| | |
|---|---|
| الف۔ لال بتّی کا مطلب ہے انتظار کرو۔ | درست |
| ب۔ پیلی بتّی کا مطلب ہے چل پڑو۔ | درست |
| ج۔ ہری بتّی کا مطلب ہے چلو۔ | درست |
| د۔ سڑک پر زور زور سے ہارن بجانا چاہیے۔ | غلط |
| ہ۔ ٹریفک کے قوانین کی پابندی نہیں کرنی چاہیے۔ | غلط |

## 4 حروف کی آوازیں سنیں، انھیں ملا کر لفظ بنائیں اور سامنے لکھیں۔

| حروف | الفاظ |
|---|---|
| ر+ح+ل+ت | رحلت |
| س+ڑ+ک | سڑک |

| حروف | الفاظ |
|---|---|
| ر+ح+م+ت | رحمت |
| ب+ت+ت+ی | بتّی |

## 5 واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنائیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| اشارہ | اشارے |
| میز | میزیں |
| حادثہ | حادثے |
| بتّی | بتّیاں |

| واحد | جمع |
|---|---|
| بچہ | بچے |
| گاڑی | گاڑیاں |
| کُرسی | کُرسیاں |
| پرندہ | پرندے |

## 6 مذکّر کے مؤنث لکھیں۔

| مذکر | مؤنث |
|---|---|
| دھوبی | دھوبن |
| مالی | مالن |
| بادشاہ | ملکہ |
| چمّار | چمارن |
| بچّہ | بچّی |
| دھوبی | دھوبن |

| مذکر | مؤنث |
|---|---|
| راجا | رانی |
| گوالا | گوالن |
| درزی | درزن |
| سنار | سنارن |
| اُستاد | اُستانی |
| قصائی | قصائن |

سبق 12:

# قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: محمد علی جنّاح

ب۔ قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے وکالت کی ڈگری کہاں سے حاصل کی؟

جواب: انگلستان سے

ج۔ پاکستان کا نام کس نے رکھا؟

جواب: چوھدری رحمد علی نے

د۔ قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ پاکستان کو کیسا ملک دیکھنا چاہتے تھے؟

جواب: کامیاب ملک

ہ۔ پاکستان کی ترقی اور کامیابی کے لیے آپ کو کیا کرنا چاہیے؟

جواب: بچے خود لکھے

## 3 درست جملوں کی نشان دہی (✓) لگا کر کریں۔

| | |
|---|---|
| الف۔ قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے مشن ہائی اسکول سے میٹرک کیا۔ | درست |
| ب۔ قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے وکالت کی ڈگری انگلستان سے حاصل کی۔ | درست |
| ج۔ پاکستان ۱۴/ اگست ۱۹۴۸ء کو بنا۔ | غلط |
| د۔ قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا مزار کراچی میں ہے۔ | درست |

## 4 درست الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ پیدائش 25 دسمبر ہے۔

ب۔ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کراچی میں پیدا ہوئے۔

ج۔ وکالت کی ڈگری قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے انگلستان سے حاصل کی۔

د۔ پاکستان 14 اگست کو آزاد ہوا۔

ہ۔ 11 / ستمبر 1948 کو قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہوا۔

## 5 فعلِ ماضی کے جملوں کو فعلِ حال میں تبدیل کریں۔

الف۔ بڑھئی لکڑی کی چیزیں بناتا ہے۔

ب۔ علی ایک ذہین اور محنتی طالبِ علم ہے۔

ج۔ میں نے خواب دیکھا ہے۔

د۔ علی اور اس کے ابُّو نے باغ کی سیر کی ہے۔

ہ۔ عالیہ اپنی امّی سے باتیں کرتی ہے۔

سبق 13: 

# آؤ ہم بن جائیں تارے

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ رات ہوتے ہی آسمان پر کیا نظر آتا ہے؟

جواب: تارے

ب۔ نظم میں بادل کیا لے کر آئے ہیں؟

جواب: کالے کالے چھاتے

ج۔ شاعر تاروں کے ساتھ کیا کھیلنا چاہتا ہے؟

جواب: آنکھ مچولی

د۔ کیا تاروں کو پکارنے پر یہ زمین پر آجاتے ہیں؟

جواب: جی نہیں

ہ۔ آپ کو تاروں بھری رات کیسی لگتی ہے؟

جواب: بچے خود لکھیں

## 3 درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| دھرتی | ہم دھرتی پر رہتے ہیں۔ |
| آکاش | تارے آکاش پر چمکتے ہیں۔ |
| دھوم | پاکستانی کرکٹ ٹیم کی دھوم مچ گئی۔ |

**4** **درج ذیل الفاظ کے ہم آواز الفاظ لکھیں۔**

تارے، پیارے      جائیں، گائیں      مچاتے، چھاتے      پھولا، جھولا

**5** **دیے گئے الفاظ کے متضاد تلاش کریں اور لکھیں۔**

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| چھوٹے | بڑے |
| رات | دِن |
| آؤ | جاؤ |

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| بیٹھے | کھڑے |
| اچھّے | بُرے |
| چھپ | ظاہر |

سبق 14:

# دیانت

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ حاکم سیب کیوں بانٹ رہے تھے؟

جواب: یہ اُس وقت کا دستور تھا کہ خزانے کو رعایا کی امانت سمجھا جاتا تھا۔

ب۔ اُنھوں نے بچّے کے ہاتھ سے سیب کیوں لے لیا؟

جواب: کیونکہ اُن کے خیال میں یہ امانت میں خیانت تھی۔

ج۔ امانت کسے کہتے ہیں؟

جواب: کسی کی چیز کو بحفاظت واپس کرنا۔

د۔ آپ کے خیال میں، یا حاکم نے ٹھیک کیا؟

جواب: جی ہاں۔

## 3 مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ حاکم سیب تقسیم کر رہے تھے۔

ب۔ سیب سرکاری خزانے میں آئے تھے۔

ج۔ حاکم نے بچے سے سیب لیا تو وہ رونے لگا۔

د۔ بیوی نے سیب بازار سے خریدا۔

## 4 مُثبت جملوں کو منفی جملوں میں تبدیل کریں۔

| منفی جُملے | مُثبت جملے | |
|---|---|---|
| رِدا نے صبا کو کتاب نہیں دی۔ | رِدا نے صبا کو کتاب دی۔ | الف۔ |

| | | |
|---|---|---|
| ب۔ | علی اور حیدر نے چائے پی۔ | علی اور حیدر نے چائے نہیں پی۔ |
| ج۔ | اویس نے سکول سے چھٹی کی۔ | اویس نے سکول سے چھٹی نہیں کی۔ |
| د۔ | سدرہ سکول جاتی ہے۔ | سدرہ سکول نہیں جاتی ہے۔ |
| ہ۔ | میں روز سیر کرتی ہوں۔ | میں روز سیر نہیں کرتی ہوں۔ |
| و۔ | حامد کے بابا کسان ہیں۔ | حامد کے بابا کسان نہیں ہیں۔ |

## 5 مُثبت جملوں کو سوالیہ جملوں میں تبدیل کریں۔

| | مُثبت جملے | سوالیہ جُملے |
|---|---|---|
| الف۔ | ساجد گھر گیا۔ | کیا ساجد گھر گیا؟ |
| ب۔ | ارمغان نے چائے پی۔ | کیا ارمغان نے چائے پی؟ |
| ج۔ | سُفیان نے کمرا صاف کیا۔ | کیا سُفیان نے کمرا صاف کیا؟ |

سبق 15:

# دوستی

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ لُومڑی کا مزاج کیسا تھا؟

جواب: لومڑی چالاک مزاج کی تھی۔

ب۔ لومڑی جانوروں سے دوستی کیوں کرتی تھی؟

جواب: اُن کا کھانا کھانے یا مذاق اُڑانے کے لیے۔

ج۔ لُومڑی نے سارس کو دعوت پر کیوں بُلایا؟

جواب: لومڑی نے سارس کو اس کا مذاق اُڑانے کے لیے بلایا۔

د۔ سارس نے اپنی بے عزّتی کا بدلہ کیسے لیا؟

جواب: اُس نے بھی لومڑی کی دعوت کی اور کھانا سراحی دار برتنوں میں ڈالا۔

ہ۔ کیا اچھّے دوست ایک دُوسرے کا خیال رکھتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، اچھے دوست ہمیشہ ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہیں۔

و۔ آپ میں ایک اچھّا دوست ہونے کی کون سی خصوصیات موجود ہیں؟

جواب: بچہ خود لکھے۔

## 3 درج ذیل الفاظ کے جُملے بنائیں۔

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| پکوان | امّی نے میری پسند کے پکوان پکائے۔ |
| چکنی چپڑی | اس کی چکنی چپڑی باتیں نہ سنو۔ |

| | |
|---|---|
| حال چال | اس نے میرا حال چال پوچھا۔ |
| سرسبز | یہ کھیت سرسبز ہیں۔ |
| شرمندہ | میں اپنی غلطی پر شرمندہ ہوں۔ |

### 4 ہاں یا نہیں میں جواب دیں۔

الف۔ لُومڑی موصوم تھی۔ نہیں

ب۔ لُومڑی کو دوسروں کو تنگ کرنے کی عادت تھی۔ ہاں

ج۔ لُومڑی کسی کی بھی سچّی دوست نہ تھی۔ ہاں

د۔ سارس نے لُومڑی کے ساتھ جو رویّہ اختیار کیا وہ غلط تھا۔ غلط

ہ۔ لُومڑی کو سارس سے معافی مانگنی چاہیے تھی۔ ہاں

### 5 الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| چالاک | سست |
| سچ | جھوٹ |
| دوستی | دشمنی |

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| خُوش بُو | بدبُو |
| مزے دار | بدذائقہ |
| ہنسنا | رونا |

سبق16:

# قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ شاعر نے قوم کا رہبر کسے کہا ہے؟

جواب: قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو۔

ب۔ قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ قوم کے رہبر کس طرح ہیں؟

جواب: انھوں نے پاکستان بنانے کے لیے ہمیں راستہ دکھایا۔

ج۔ شاعر نے قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو ہم سب کا ہمدرد کیوں کہا؟

جواب: کیونکہ انھوں نے ہمارے لیے الگ وطن کا سوچا جس میں ہم اسلام کے مطابق زندگی گزار سکیں۔

د۔ ہم سب کے لیے قائد اعظم رحمۃ اللہ کیوں اہمیّت رکھتے ہیں؟

جواب: انھوں نے پاکستان بنانے کے لیے ہمیں راستہ دکھایا۔

ہ۔ نظم کے شاعر کا نام بتائیں۔

جواب: ڈاکٹر شہزاد انصر

## 3 درج ذیل الفاظ کے ہم آواز الفاظ لکھیں۔

تارے، پیارے

پہچان، مہمان

پائیں، کھائیں

نام، کام

## 4 نظم کے مطابق مناسب الفاظ کا استعمال کر کے خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ جو جان ہے ہم سب کی

ب۔ پہچان ہے ہم سب کی

ج۔ جو قوم کا رہبر ہے

د۔ جو جان سے پیارا ہے

ہ۔ یہ ملک دیا جس نے

## 5 واحد کے جمع اور جمع کے واحد بنائیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| فرد | افراد |
| مکان | مکانات |
| بلی | بلیاں |
| کُرسی | کُرسیاں |
| لڑکی | لڑکیاں |

| واحد | جمع |
|---|---|
| میز | میزیں |
| ہمسایہ | ہمسائے |
| کتاب | کتابیں |
| بچہ | بچے |
| چڑیا | چڑیاں |

سبق 17:

# میرا وطن

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ پاکستان کب آزاد ہوا؟

جواب: پاکستان 14/ اگست 1947ء کو آزاد ہوا۔

ب۔ پاکستان کے دارالحکومت کا کیا نام ہے؟

جواب: پاکستان کے دارالحکومت کا نام اِسلام آباد ہے۔

ج۔ پنجاب کا کیا مطلب ہے؟

جواب: پنجاب کا مطلب ہے پانچ دریاؤں کی سرزمین۔

د۔ معدنی دولت سے مالا مال صُوبے کا کیا نام ہے؟

جواب: بلوچستان معدنی دولت سے مالا مال ہے۔

## 3 درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| آزاد | میں آزاد ملک کا شہری ہوں۔ |
| بول چال | اس سے بول چال مت کرو۔ |
| تعلّق | میرا اس بات سے کوئی تعلّق نہیں۔ |
| خُوب صورت | میرا وطن بہت خوب صورت ہے۔ |

**5** ارکان ملا کر لفظ بنائیں اور اُن الفاظ پر اعراب لگا کر تلفظ واضح کریں۔

| ارکان | الفاظ | اعراب کے ساتھ الفاظ |
|---|---|---|
| صح + را | صحرا | صَحْرا |
| علا + قا + ئی | علاقائی | عِلاقائی |
| سمن + در | سمندر | سَمُنْدَر |

**6** ذیل میں دیے گئے الفاظ پر اعراب لگا کر درست تلفظ واضح کریں۔

بارِش     مُسافِر     تاجَر     بَدَن     کِتَابْ

سبق 18:

# پاکستانی بچّے

## 2 نظم کے مطابق مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

الف۔ ہر دَم محنت کرنے والے

ب۔ آپ سنواریں اپنا گھر ہم

ج۔ حق کی خاطر ہم مَر جائیں

د۔ ہم کو محبّت اپنے دیس سے

## 3 درج ذیل الفاظ کے جُملے بنائیں۔

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| دَم بھرنا | علی ہر وقت نادر کا دم بھرتا ہے۔ |
| اُڑ جانا | وقت پر لگا کر اڑ گیا۔ |
| حق | ہمیشہ حق کا ساتھ دو۔ |
| محبت | مجھے اپنی ماں سے محبت ہے۔ |

## 4 کالم: الف کو کالم: ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| کام کریں سب | بچّے پاکستانی |
| ہم ہیں | اپنے دیس سے |
| ہم کو محبّت | ہم لڑ جائیں |
| حق کی خاطر | مِل جل کر |

**5** **املا کے مطابق جملے دوبارہ لکھیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| الف۔ | بستہ میں کتابیں ڈالو۔ | بستے میں کتابیں ڈالو۔ |
| ب۔ | پارک میں بہت سے کُوڑادان ہیں۔ | پارک میں بہت سے کوڑے دان ہیں۔ |
| ج۔ | لڑکا کو بلاؤ | لڑکے کو بلاؤ۔ |
| د۔ | تالا کو چابی سے بند کر دو۔ | تالے کو چابی سے بند کر دو۔ |
| ہ۔ | کمرا میں کوئی نہیں ہے۔ | کمرے میں کوئی نہیں ہے |

**6** **دیے گئے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھیں۔**

پاکستانی، سنواریں، لَڑ، محبت، محنت

سبق19:

# اچھّی عادات

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ سارا کب جاگتی ہے؟

جواب: سارا صبح سویرے جاگتی ہے۔

ب۔ نُور کی اچھّی عادت کیا ہے؟

جواب: وہ ہمیشہ صاف ستھرا رہتا ہے۔

ج۔ رِدا کیا اچھّی عادت کیا ہے؟

جواب: وہ ہمیشہ سچ بولتی ہے۔

د۔ نوید کے والدین اور اساتذہ اس سے خُوش کیوں رہتے ہیں؟

جواب: وہ ہمیشہ ان کا احترام کرتا ہے۔

## 3 درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| تلقین | اُس نے مجھے سچ بولنے کی تلقین کی۔ |
| صبح | لو صبح ہو گئی۔ |
| احترام | بڑوں کا احترام کرو۔ |
| صاف ستھرا | میرا گھر صاف ستھرا ہے۔ |

## 4 بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر جملہ مرتب کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| الف۔ | ہمیشہ بولتی رِدا سچ ہے۔ | رِدا ہمیشہ سچ بولتی ہے۔ |
| ب۔ | نور جماعت کا ہے دوسری طالب علم | نور دوسری جماعت کا طالب علم ہے۔ |
| ج۔ | وہ صاف ستھرا ہمیشہ رہتا ہے۔ | وہ ہمیشہ صاف ستھرا رہتا ہے |

سبق 20:

# ریل کا سفر

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ علی کو ریل کا سفر کیوں اچھا لگا؟

جواب: علی کا اُونچے اُونچے راستوں پر سفر کرنا اچھا لگا۔

ب۔ رِدا نے ریل کے سفر کے بارے میں کیا کہا؟

جواب: اُس نے بتایا کہ اسے مختلف علاقوں کے مشہور کھانے کھانا اچھا لگا۔

ج۔ کیا ثنا ریل کے سفر سے لُطف اندوز ہوئی؟

جواب: جی ہاں، ثنا سفر سے بہت لطف اندوز ہوئی۔

د۔ ثنا نے ہادی کے باب کے لیے کیا خریدا؟

جواب: اُس نے اُن کے لیے شیشوں والی ٹوپی خریدی۔

ہ۔ کیا آپ کو سفر کرنا اچھا لگتا ہے؟

جواب: بچہ لکھے۔

## 3 الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کے معانی واضح ہو سکیں۔

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| ہُجوم | وہ ہجوم میں گم ہو گیا۔ |
| دوڑ | بچّہ تیزی سے دوڑ رہا تھا۔ |
| پسند | مجھے لال رنگ پسند ہے۔ |
| خُوش آمدید | اس نے مجھے خوش آمدید کہا۔ |
| اسٹیشن | میں اسے لینے ریلوے اسٹیشن گیا۔ |

**4** **درج ذیل جملوں میں ختمہ (۔)، سکتہ (،) اور سوالیہ (؟) کی علامت لگائیں۔**

الف۔ آپ لاہور سے کب واپس آئے؟

ب۔ یہ گھر کس کا ہے؟

ج۔ یہ نظارہ کس قدر دِل کش ہے۔

د۔ سعدیہ، رِدا اور آمنہ نے گیت گائے۔

ہ۔ یہ ہمارا اسکول ہے۔

سبق 21:

# کالے بادل

## 2 سوالات کے جوابات لکھیں۔

الف۔ کالے بادل کون سے موسم میں آتے ہیں؟

جواب: برسات کے موسم میں

ب۔ کون سا پرندہ بَارش میں گانا گاتا ہے؟

جواب: بلبل

ج۔ کون سا پرندہ بارش میں گیت سُناتا ہے؟

جواب: کوئل

د۔ کون سا جانور بَارش میں ٹرّاتا ہے؟

جواب: مینڈک

## 3 درج ذیل حُروف جوڑ کر لفظ بنائیں۔

| حُروف | لفظ |
|---|---|
| ب+ا+د+ل | بادل |
| ک+ا+ل+ے | کالے |
| ب+ا+ر+ش | بارش |

| حُرُوف | لفظ |
|---|---|
| س+ا+ز | ساز |
| ن+ا+چ | ناچ |
| ب+ا+د+ل | بادل |

**4** نظم کے مطابق کالم: الف کو کالم: ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
|---|---|
| مینہ میں لوگ | گائے گی |
| بلبل گاتا | آئیں گے |
| کالے بادل | نہائیں گے |
| ہم ناچیں | گائیں گے |
| کوئل گیت | سنائے گی |

**5** درج ذیل الفاظ کے جُملے بنائیں۔

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| بادَل | آسمان پر بادل چھا گئے۔ |
| نہانا | اسے نہانا پسند نہیں۔ |
| گانا | وہ گانا گا رہا ہے۔ |
| ساز | وہ ساز بجا رہا ہے۔ |
| مینہ | مینہ برس رہا ہے۔ |

**6** مندرجہ ذیل جملوں میں فعلِ امر کو فعلِ نہی میں تبدیل کریں۔

| فعلِ امر | فعلِ نہی |
|---|---|
| سیب کھاؤ۔ | سیب نہیں کھاؤ۔ |
| کمرا صاف کرو۔ | کمرا صاف نہیں کرو۔ |
| کُرسی پر بیٹھو۔ | کُرسی پر نہ بیٹھو۔ |
| اِسکول جاؤ۔ | اِسکول نہ جاؤ۔ |

| | |
|---|---|
| کھانا نہ کھاؤ۔ | کھانا کھاؤ۔ |

سبق 22: **علامہ محمد اِقبال رحمۃ اللہ علیہ**

**2 سوالات کے جوابات لکھیں۔**

الف۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی شاعری کے ذریعے سے برصغیر کے مسلمانوں کو کیا بتایا؟

جواب: ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی شاعری سے برصغیر کے مسلمانوں کو بتایا کہ آزادی بہت بڑی نعمت ہے۔

ب۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی شاعری کے ذریعے کس چیز کا دَرس دیا؟

جواب: ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی شاعری کے ذریعے سے مسلمانوں کو محنت کرنے اور علم حاصل کرنے کا دَرس دیا۔

ج۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے بچّوں کے لیے جو نظمیں لکھیں ان میں سے کوئی سی دو نظموں کے نام لکھیں۔

جواب: ہمدردی اور جگنو

د۔ آپ نے اِس سبق میں علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق کیا سیکھا؟

جواب: بچّہ لکھے۔

**3 درج ذیل الفاظ کے جُملے بنائیں۔**

| الفاظ | جُملے |
|---|---|
| نعمت | آزادی ایک نعمت ہے۔ |
| تعداد | مہمان تعداد میں دو تھے۔ |
| ریاست | پاکستان ایک آزاد ریاست ہے۔ |
| عمل | میری بات پر عمل کرو۔ |
| محنت | محنت سے تعلیم حاصل کرو۔ |

## 4 بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر جملے مرتب کریں۔

الف۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ ہمارے قومی شاعر ہیں۔

ب۔ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے بچّوں کے لیے بہت سی نظمیں لکھیں۔

ج۔ آپ ایک سچّے مسلمان تھے۔

د۔ آپ کو حضرت محمد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے محبّت تھی۔

## 5 کالم:الف کے 'فعلِ حال' کے جملوں کو 'فعلِ ماضی' میں تبدیل کر کے کالم:ب میں لکھیں۔

| کالم:الف | کالم:ب |
|---|---|
| ہم جھنگ میں رہتے ہیں۔ | ہم جھنگ میں رہتے تھے۔ |
| پنکھا چل رہا ہے۔ | پنکھا چل رہا تھا۔ |
| نِدا بیٹھی ہوئی ہے۔ | نِدا بیٹھی ہوئی تھی۔ |
| عثمان کھیل رہا ہے۔ | عثمان کھیل رہا تھا۔ |
| وہ نماز پڑھ رہی ہے۔ | وہ نماز پڑھ رہی تھی۔ |